# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: شہید وطن | |

**مقاصد:** معنی کے لحاظ سے متضاد الفاظ کو سمجھ سکیں۔

استفہامی اور انکاری جملوں کو آپس میں تبدیل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم" ہئس کریم اسٹیکیں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے الٹ ہوں، انھیں متضاد الفاظ کہتے ہیں۔ آج ہم الفاظ کے متضاد لکھ کر خالی جگہ پر کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیا ہوا پہلا جملہ لکھیں:

اللہ تعالیٰ ہی زمین اور ———— کا مالک ہے۔

بچوں سے جملہ پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ زمین کا متضاد کیا ہوتا ہے۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

- اب بورڈ پر خالی جگہ میں "زمین" کا متضاد "آسمان" لکھ کر جملہ مکمل کریں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 8 کے تحت دیے ہوئے باقی جملوں پر بھی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (منٹ 25)

- سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک کو استفہامیہ، دوسرے کو انکاری جملے تفویض کر دیں۔ باری باری جملے بولیں اور بچوں کو جملے سن کر استفہامیہ اور انکاری جملوں کو آپس میں تبدیل کرنے کی ہدایت دیں۔
- غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی چاروں جملوں پر کروائیں۔
- جس گروہ نے جملے درست طور پر تبدیل کیے ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

- اب بچوں کے ساتھ ایک سرگرمی کریں۔ جماعت میں جانے سے پہلے 8 آئس کریم اسٹیکوں پر استفہامیہ، 8 پر انکاری جملے لکھ کر تیار کریں۔ یہ تمام اسٹیکیں ملا کر ایک ساتھ رکھ لیں۔ بچوں کے چار گروہ بنا کر ان میں یہ اسٹکیں اور دو ڈسپوزیبل گلاس تقسیم کر دیں۔ ایک گروہ کے حصے میں 4 اسٹکیں آئیں۔
- اس سرگرمی کے لیے بچوں کو ہدایات دیں کہ ان اسٹیکوں پر مختلف طرح کے جملے لکھے ہیں۔ آپ نے گلاس پر لکھے عنوانات دیکھ کر ہر ایک سے متعلقہ اسٹیک اس گلاس میں رکھنی ہے۔ اس کام کے لیے انھیں دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- جب بچے ہر اسٹیک کو مطلوبہ گلاس میں رکھ رہے ہوں، اس دوران میں بورڈ پر ایک مارکنگ شیٹ بنا لیں۔
- تمام گروہوں کے نام لکھیں۔ جیسے گروہ (الف)، گروہ (ب) وغیرہ۔
- وقت مکمل ہونے پر ہر گروہ کے لیڈر کو پہلے استفہامیہ جملے والے گلاس میں موجود اسٹیکوں پر لکھے ہوئے جملے پڑھنے کو کہیں اور کچھ بچوں سے ان کے انکاری جملے بنوائیں۔ اسی طرح سے سرگرمی باقی گروہوں کے لیڈروں سے کروائیں۔
- اگر کسی گروہ نے گلاس میں متعلقہ جملوں کی اسٹیکیں نہ رکھی ہوں، اُن کی نشان دہی کریں اور نمبر کاٹیں۔ زیادہ نمبر حاصل کرنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بچوں کے سامنے ایک پاسا رکھیں، جس پر الفاظ "چھوٹی، اوپر، دن اور خوش" پر مشتمل کاغذ کی پرچیاں گلو کی مدد سے چسپاں ہوں۔ جماعت کے کسی بچے کو بلائیں اور اسے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر فرش پر پھینکے۔ پھر اس پر جو لفظ آئے۔ بچے سے اس لفظ کا متضاد پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: شہیدِ وطن | |

**مقاصد:** تصاویر دیکھ کر دس جملے لکھ سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو سوم"، اخلاقی کہانی کے فلیش کارڈ، کتاب کے صفحہ نمبر 80 پر دی ہوئی تصویروں کے فلیش کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گذشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ہم آج ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں اور انھیں کسی بھی اخلاقی کہانی کے فلیش کارڈ دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تصاویر کو دیکھیں اور ان کی مدد سے کہانی بنائیں۔ نیز اس کا کوئی اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی تجویز کریں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری دونوں گروہوں کو ان بنائی گئی کہانی جماعت میں سنانے کے لیے کہیں۔ تیسرے گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ دونوں گروہوں کی بنائی گئی کہانی غور سے سنے کیونکہ بعد میں ان سے اہم نکات پوچھیں جائیں گے۔ آخر میں کہانی کے اہم نکات سنیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں سبق "شہیدِ وطن" کے اہم نکات پر آپس میں بات چیت کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو سبق کے اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔
- جب وہ بچہ سبق کے آدھے اہم نکات بتا دے تو دوسرے گروہ کے کسی بچے کو باقی اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔
- جو گروہ سبق کے اہم نکات درست طور پر سنائے گا، اس کی حوصلہ افزائی کریں۔

| |
|---|
| • اب سوال نمبر 10 میں دی گئی تصاویر بورڈ پر چسپاں کریں۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ یہ ان شہداء میں سے چند ایک کی تصاویر ہیں جنہوں نے وطن عزیز کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔<br>• انہیں بتائیں کہ وطنِ عزیز میں اپنی جانوں کا نذرانی پیش کرنے والوں کی کمی نہیں ہے۔<br>• تمام شہداء کو خراجِ تحسین پیش کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں اور بچوں کی اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) تصویروں کو ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلائیں۔ انھیں ٹوکری میں سے کوئی سی بھی تصویر، اٹھانے اور اس کے بارے میں بتانے کے لیے کہیں۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کا کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: گداگری معاشرتی مسئلہ | |
| **مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، لفظی جیب، تین پر چیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں:
- آپ کن لوگوں کی مدد کرتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو صفحہ نمبر 81 پر دی گئی تصویر دکھاتے ہوئے سوالات پوچھیں کہ آپ کو کیا نظر آ رہا ہے؟ آپ کے خیال میں یہ سبق کس موضوع سے متعلق ہے؟ درست جواب بتانے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "گداگری معاشرتی مسئلہ" پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔

اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 81 کھلوائیں۔

- اب بچوں کے آٹھ گروہ بنادیں۔ میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر نو مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا آٹھ نمبر لکھے ہوں۔ کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔ پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔
- سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خوداعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:سوم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: گداگری معاشرتی مسئلہ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، گتے کا ڈبا، چارٹ کے بنے ہوئے مٹر کے دانے

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق "نئے الفاظ" میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 6 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔
- اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔ اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں ۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 83 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "گداگر" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اور اس کا معنی بورڈ پر لکھیں: "بھیک مانگنے والا"

- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ چارٹ کے بنے ہوئے 4 مٹر لیں جن کے اندر دو مٹر کے دانے ہوں۔ ایک دانے پر کتاب کے صفحہ نمبر 83 پر دیے گئے الفاظ میں سے سے ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ مٹر ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سا بھی مٹر اٹھانے کے لیے کہیں۔

بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو مٹر آیا ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، مٹر کے باقی دو دانوں یا دانے پر اس لفظ کے معانی لکھیں اور نیچے چھلی میں اس لفظ پر مبنی جملہ لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی اور جملے لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔

- ایک کپ میں 4 آئس کریم اسٹک رکھ دیں، جن پر 4 مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں، جن پر تفہیم میں پوچھے گئے سوالات "الف، ب، ج، د" لکھے ہوں۔ دوسرے کپ میں 4 آئس کریم اسٹک رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹک پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹک میں سے کوئی اسٹک اٹھا لے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 83 پر دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور ان پر مبنی جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)ورک شیٹ حل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| گداگر | | پُختہ | |
| مُستحق | | اَفسُردہ | |

**سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

۱۔ چوک میں لوگ کیوں جمع تھے؟

جواب: ________________________________________

________________________________________

۲۔ ہمیں کن لوگوں کی مدد کرنی چاہیے؟

جواب: ________________________________________

________________________________________

۳۔ معاشرتی مسائل کیسے کہتے ہیں؟

جواب: ________________________________________

________________________________________

۴۔ کوئی سے معاشرتی مسائل کے نام لکھیں۔

جواب: ________________________________________

________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: گداگری معاشرتی مسئلہ | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گیند، پرچیاں، کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 83 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری پانچوں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھا لیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 83 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھا لیں۔

| |
|---|
| • ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔<br>• اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔<br>• جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔<br>• درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔<br>• اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔<br>• اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟<br>• اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔<br>• جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے غلط درست ہونے کی نشان دہی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 3 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: گداگری معاشرتی مسئلہ | |

**مقاصد:** موقع کی مناسبت سے آدابِ گفت گو کا خیال رکھ سکیں۔
معنی کے لحاظ سے مترادف الفاظ کو سمجھ سکیں۔
دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، ڈسٹر، کتاب "اردو سوم"،

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو آپ کیا کرتے ہیں؟
- ان سے جواب طلب کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ اپنی غلطی تسلیم کرنا اچھا عمل ہے اچھے بچے ہمیشہ اپنی غلطی تسلیم کرتے ہیں۔
- سوال نمبر 5 کی سرگرمی کے لئے دیئے گئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

شکریہ ________ افسوس ________
السلام علیکم ________ اللہ حافظ ________
معذرت ________ مہربانی ________

- بچوں سے ان الفاظ کے استعمال پر بات چیت کیجیے، بعد ازاں کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بورڈ پر پھول کی تصویر چسپاں کریں اور بچوں سے اس کا نام پوچھیں اور تصویر کے نیچے لکھیں۔ اب اس کے نام کے سامنے لفظ "گل" لکھیں۔ بچون سے پڑھوائیں اور بچوں سے اس کا مطلب پوچھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ تصویر ایک لیکن نام دو کیوں ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔۔
- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک جیسے ہوں، انھیں مترادف الفاظ کہتے ہیں۔ آج ہم الفاظ کے مترادف لکھ کر خالی جگہ پُر کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 7 کے تحت دیا ہوا پہلا جملہ لکھیں: آج بہت سردی ہے۔

- بچوں سے جملہ پڑھوائیں۔ اب بورڈ پر جملے کے سامنے جملہ دوبارہ جملہ لکھیں اور اس میں "سردی" لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ سردی کا مترادف کیا ہوتا ہے۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اب بورڈ پر جملے میں سردی کا مترادف "ٹھنڈ" لکھ کر جملہ مکمل کریں اور پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 7 کے تحت دیے ہوئے باقی جملوں پر بھی کروائیں۔
- سوال نمبر 8 کو بورڈ پر لکھیں۔ "بحیثیت طالبِ علم آپ کن ملکی قوانین کا احترام کرتے ہیں"؟
- بچوں سے پوچھیں اور اس موضوع پر ان سے بات چیت کریں۔
- سوال نمبر 9 کی سرگرمی کروانے کے لئے بچوں کو ضروری کام لکھنے کی درخواست ان کی کاپیوں پر کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر سوال نمبر 7 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے خط کشیدہ الفاظ کے درست مترادف لکھ کر جملے مکمل کرنے کے لیے کہیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ وہ ٹیلی وژن یا موبائل فون سے گداگری کے موضوع پر معلومات پڑھ کر یا سن کر آئیں۔